PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

# نیوزی لینڈ کے دورہ پاکستان کا شیڈول جاری

**لاہور،5 اگست 2021ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نے نیوزی لینڈ کے دورہ پاکستان کے شیڈول کا اعلان کردیا ہے۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم آئندہ ماہ 18 سال بعد پاکستان کا دورہ کرے گی۔ اس دوران مہمان ٹیم آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈکپ سپر لیگ میں شامل تین ون ڈے انٹرنیشنل میچز اور پانچ ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے گی۔

دونوں ٹیموں کے مابین ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں شامل تینوں میچز راولپنڈی میں کھیلے جائیں گے۔ یہ میچز 17، 19 اور 21 ستمبر کو پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں کھیلے جائیں گے۔ سیریز میں شامل تمام پانچ ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جائیں گے، جو 25 ستمبر سے 3 اکتوبر تک جاری رہیں گے۔

جہاں سیریز میں شامل تینوں ون ڈے انٹرنیشنل میچز آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈکپ 2023 میں رسائی کے لیے اہم ہوں گے تو وہیں پانچ ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز بھی قومی کرکٹ ٹیم کے لیے آئی سی سی ورلڈ ٹی ٹونٹی رینکنگ میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے کا بہترین موقع ثابت ہوں گے۔

آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کی فاتح ٹیم نیوزی لینڈ ٹیسٹ سیریز کھیلنے آئندہ سال پاکستان آئے گی۔

نیوزی لینڈ وہ پہلی ٹیم ہو گی جو پاکستان میں موجود شائقین کرکٹ کے لیے ترتیب دیئے گئے بمپر کرکٹ سیزن 22-2021 میں شرکت کے لیے پاکستان کا دورہ کرے گی۔ نیوزی لینڈ کے بعد انگلینڈ کی مینز اور ویمنز ٹیمیں پاکستان کا دورہ کریں گی، جس کے بعد ویسٹ انڈیز کی ٹیم تین ون ڈے اور تین ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز کھیلنے کراچی پہنچے گی۔ آسٹریلیا کو بھی آئندہ سال فروری / مارچ میں پاکستان کا دورہ کرنا ہے۔

**وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:**

چیف ایگزیکٹو پی سی بی وسیم خان کا کہنا ہے کہ نیوزی لینڈ کیخلاف سیریز پاکستان میں انٹرنیشنل کرکٹ سیزن کا بہترین آغاز ہو گا۔ نیوزی لینڈ نہ صرف آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کی فاتح بلکہ ورلڈ کپ 2019 کی فائنلسٹ ٹیم بھی ہے۔ وہ آئی سی سی کی موجودہ ورلڈ ٹی ٹونٹی رینکنگ میں بھی تیسرے نمبر پر موجود ہے۔ مہمان ٹیم کا دورہ پاکستان شائقین کرکٹ کی توجہ اپنی طرف مبذول کروانے کے ساتھ ساتھ پاکستان کے ایک محفوظ اور پرامن ملک ہونے کی دلیل ثابت ہو گا۔

چیف ایگزیکٹو پی سی بی نے کہا کہ نیوزی لینڈ کرکٹ نے ہماری درخواست پر دورے میں دو ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز کے اضافے پر آمادگی ظاہر کی۔ سیریز میں یہ اضافہ نہ صرف دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کو آئی سی سی ورلڈ ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ کی تیاریوں میں معاونت کرے گا بلکہ اس سے نیوزی لینڈ کے کرکٹرز کو پاکستان میں مزید وقت گزارنے کا موقع بھی ملے گا، جس سے وہ پاکستانی ثقافت سے روشناس ہو سکیں گے۔

انہوں نے مزید کہا کہ اس دورے سے پاکستان ایک مرتبہ پھر اپنی بہترین میزبانی سے دنیا کو یہ باور کروانے میں کامیاب ہو گا کہ یہاں کرکٹ مکمل طور پر بحال ہو چکی ہے۔ اس دورے سے نہ صرف باصلاحیت کھلاڑی سامنے آئیں بلکہ نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد میں اس کھیل کی مقبولیت میں اضافہ ہو گا ۔

**ڈیوڈ وائیٹ، چیف ایگزیکٹو نیوزی لینڈ کرکٹ:**

چیف ایگزیکٹو نیوزی لینڈ کرکٹ ڈیوڈ وائیٹ کا کہنا ہے کہ ہم پاکستان کے ہوم انٹر نیشنل سیزن کے آغاز میں پاکستان کا دوبارہ دورہ کرنے کے منتظر ہیں۔

ڈیوڈ وائیٹ نے کہا کہ بھارت سے باہر نیوزی لینڈ وہ پہلا ملک تھا جس نے پاکستان کا دورہ کیا اور ہمارے پی سی بی کے ساتھ دیرینہ تعلقات ہیں۔ خوشی ہے کہ ایک مشکل وقت ختم ہونے کے بعد اب پاکستان میں بین الاقوامی کرکٹ کی سرگرمیاں دوبارہ بحال ہو چکی ہیں۔

سپر لیگ میں پاکستان 9 میچز کے بعد 40 پوائنٹس حاصل کر چکا ہے جبکہ نیوزی لینڈ تین میچز کھیل کر 30 پوائنٹس حاصل کر چکا ہے۔ لیگ میں شامل سات سرفہرست ٹیمیں اور میزبان بھارت کی ٹیم آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈ کپ 2023 میں براہ راست رسائی حاصل کرلے گی۔

نیوزی لینڈ نے اس سے قبل نومبر 2003 میں آخری مرتبہ پاکستان کا دورہ کیا تھا، جہاں 5 ون ڈے انٹر نیشنل میچز کھیلے گئے تھے۔ 2003 کے بعد پاکستان اب تک تین مرتبہ نیوزی لینڈ کی میزبانی کر چکا ہے تاہم یہ تمام میچز متحدہ عرب امارات میں کھیلے گئے تھے۔

**سیریز کا شیڈول:**

11 ستمبر: اسلام آباد آمد

12 تا 14 ستمبر: روم آئسولیشن

15 تا 16 ستمبر: ٹریننگ / پریکٹس / انٹرا اسکواڈ میچ

17 ستمبر: پہلا ایک روزہ بین الاقوامی میچ، راولپنڈی

19 ستمبر: دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ، راولپنڈی

21 ستمبر: تیسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ، راولپنڈی

25 ستمبر: پہلا ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ، لاہور

26 ستمبر: دوسرا ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ، لاہور

29 ستمبر: تیسرا ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ، لاہور

یکم اکتوبر: چوتھا ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ، لاہور

3 اکتوبر: پانچواں ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ، لاہور

-ENDS-

For further information, please contact:

**Sami Ul Hasan**
Director – Media and Communications
E: sami.ulhasan@pcb.com.pk
M: +92 (0) 300 045 8662
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

**HELP PREVENT CORONAVIRUS**

WASH HANDS
KEEP THE DISTANCE
AVOID CROWD
WEAR MASK
COUGH IN THE ELBOW
KEEP HYDRATED
STAY AT HOME

**Commercial Partners**

**Broadcast Partners**



**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4